© rasailojaraid.com

زندگی گزارنے کی ضمانت مہیا کرے۔"

مسٹر ادجوکو نے نائیجیریا کے انتخابی کمیشن کی جانب سے 8 دسمبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے لیے اختیار کردہ اوپن بیلٹ سسٹم پر تبصرہ کرتے ہوئے اسے آگے بڑھنے کے بجائے پیچھے کی جانب ایک قدم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جوز (JOS) کے علاقے میں ممکنہ غلط گنتی اور دوبارہ گنتی نے مجوزہ سسٹم کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔ (رپورٹ۔ اے پی ایس بلیٹن)

## ایشیا

### پاکستان: نوجوان عیسائیوں کی تربیت کے لیے حوصلہ افزائی

"مستقبل کا چرچ عوام الناس کا چرچ ہوگا۔ آئیے ہم ایسے نوجوان تیار کریں جو خداوند کے پاکستان میں عوامی مشنریوں کے طور پر کام کریں۔" یہ بات نیشنل یوتھ کے پادری فادر رحمت راجا نے ایک اخباری نمائندے کے سوال کے جواب میں کہی۔ جو اس نے پاکستان میں نوجوانوں سے متعلق ان کے تصور اور منصوبے کے بارے میں کیا تھا۔ انہوں نے کہا۔ "نیشنل یوتھ کے پادری کی حیثیت سے میرا تصوّر یہ ہے کہ پاکستان میں نیشنل یوتھ سیکرٹریٹ اور نیشنل یوتھ میگزین کا لازماً اہتمام ہونا چاہیے"۔

انہوں نے کہا۔ "میری خواہش ہے کہ بشپی حلقے کے نوجوان پادریوں میں ہم آہنگی پیدا ہو اور اس مقصد کے لیے دو روزہ دینیاتی کورس کا اہتمام کیا جائے۔ اسی طرح میں یہ بھی چاہتا ہوں کہ مختلف امکانات کو زیر بحث لانے کے لیے ایشیا بھر کی سطح پر نوجوان پادریوں کے تصورات سے آگاہی حاصل کروں۔ انہوں نے کہا۔ "میرا تصوّر یہ ہے کہ نوجوان اپنی ثقافت اور مذہبی اقدار سے پوری طرح وابستہ ہوتے ہیں اور چرچ کے لیے کام کرنے کو ہمہ تن تیار رہتے ہیں"۔ انہوں نے مزید کہا۔ "پاکستان میں عیسائی نوجوانوں کے بارے میں میرا یہ بھرپور تاثر ہے کہ انہیں اپنے مذہب اور عیسائی قدروں کا گہرا علم ہونا چاہیے۔ وہ نئے خیالات اور بہتر معیارِ تعلیم سے مالا مال ہوں اور اپنی صلاحیتوں اور سچی لگن کے ذریعے معاشرے کو متاثر کریں۔" (رپورٹ۔ انٹرنیشنل فائڈز سروس)



© rasailojaraid.com